**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

# نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی کی صدرِ مملکت کے لیول پلئینگ فیلڈ کے حوالے سے دیے گئے بیان پر تنقید کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی صدرِ مملکت کے بیانات کو آئین سے متصادم قرار دینے کی مذموم کوشش کی شدید مذمت دستور کی معین کردہ مدت گزرنے کے بعد غیر آئینی،

غیر قانونی اور غیر اخلاقی طور پر وزارت پر براجمان شخص کو صدرِ مملکت کو آئین کا درس دیتے ہوئے شرم آنی چاہیئے،

تحریک انصاف کو لیول پلئینگ فیلڈ سے مسلسل محروم رکھنے میں نگران حکومت اور الیکشن کمیشن کا شرمناک کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں،

تحریک انصاف کو سیاسی اجتماعات کی اجازت سے محروم رکھنے اور قائدین و کارکنان کی جبری گمشدگیوں میں مجرمانہ سہولت کاری کرنے والوں کو آئین کا ذکر کرنا زیب نہیں دیتا،

صدرِ مملکت نے اپنے آئینی اختیارات کے تحت عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرتے ہوئے شفاف و منصفانہ انتخاب کا انعقاد یقینی بنانے پر زور دیا، دستور کا آرٹیکل 41 صدرِ مملکت کو ریاست کے سربراہ کی حیثیت سے تمام شہریوں کے آئینی حقوق کے تحفظ کا پابند بناتا ہے،

صدرِ مملکت ڈاکٹر عارف علوی پاکستانی تاریخ میں آئین کی روح کے عین مطابق اپنے فرائضِ منصبی سرانجام دینے والے واحد صدر رہیں،

اس سے قبل نوز شریف کو دہی بھلے کھلانے اور ججز کو خریدنے کیلئے نوٹوں سے بھرے بریف کیس لے جانے والے مشہور اشخاص کو ریاست کے اہم ترین عہدے پر فائز کرنے کی شرمناک روایت قائم کی گئی،

ملک میں شفاف انتخاب کے انعقاد کے واحد کام کیلئے آنے والے نگران وزیر کی جانب سے ریاست کے سربراہ کے آئینی کردار پر تبصرہ آرائی کسی صورت میں اسے زیب نہیں دیتی، ن

گران حکومت صدرِ مملکت کو آئین کا درس دینے کی بجائے ان کی ہدایات کے مطابق اپنے آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے تمام سیاسی جماعتوں کو انتخابات سے قبل مساوی حقوق فراہم کرے اور قبل از انتخاب دھاندلی کے مذموم ایجنڈے میں سہو لتکاری بند کرے،

ترجمان تحریک انصاف